حیسکو پریس ریلیز مورخہ: 06.12.2021

# قومی اسمبلی کی قائمہ کمیٹی برائے انرجی ڈویژن کی سب کمیٹی کی لال چند مالھی، صابر حسین قائمخانی اور نزھت پٹھان کی سربراہی میں حیسکو کانفرنس ہال میں نیپرا، کراچی الیکٹرک، این ٹی ڈی سی، سیپکو اور حیسکو کے وفدوں سے بجلی سے متعلق مسائل کے حل کے بارے میں میٹنگ۔

## میٹنگ میں ڈٹیکشن بلوں کا خاتمہ، قانونی طریقے سے لوڈشیڈنگ کنٹرول کرنا، کسٹومر سروس کیئرسینٹروں کو فعال کرنا اور قانون کے مطابق صارفین کے بجلی مسائل حل کرنے کے مسائل زیرِ غور لائے گئے۔ حیسکو ترجمان

حیدرآباد (      ) حیسکو ترجمان کے مطابق حیسکو کانفرس ہال حیدرآباد میں قومی اسمبلی کی قائمہ کمیٹی برائے انرجی ڈویژن کی سب کمیٹی کے ممبر قومی اسمبلی لال چند مالھی، نزھت پٹھان اور صابر حسین قائمخانی کی سربراہی میں صارفین کے بجلی کے بلوں سے متعلق مسائل، کسٹومر کیئرسینٹروں کو فعال کرنا، بجلی کے بلوں کی ڈٹیکشن کا خاتمہ، قانونی طریقے سے لوڈشیڈنگ کرنا و دیگر مسائل زیرِ غور لائے گئے۔ میٹنگ سیکریٹری قومی اسمبلی نوین ارم کی نگرانی میں کی گئی، جس پر حیسکو چیف نوراحمد سومرو نے یقین دہانی کراتے ہوئے کہا کہ صارفین کے بجلی سے متعلق تمام تر مسائل حل کیئے جارہے ہیں، جس کیلئے ہم پہلے ہی ٹیلی فونک کھلی کچہریاں منعقد کررہے ہیں، بجلی کے بلوں کی ناجائز ڈٹیکشن چیک کرنے کیلئے سپرنٹینڈنگ انجنیئر کو سختی سے ہدایات دیں کہ تمام بجلی کے ڈٹیکشن بلوں کو کلیئر کریں، لوڈشیڈنگ دیئے گئے قانون کے مطابق ہی کی جارہی ہے، مگر فنی خرابی کی وجہ سے بجلی کی بندش کی جاتی ہے، کسٹومر کیئر سروسز فعال ہیں میں خود وزٹ کرچکا ہوں وہاں پر بھی روزانہ کہ بنیاد پر شکایات رجسٹر میں شکایات درج کی جاتی ہیں اور ان کے حل کے فوری طور پر ہدایات دیئے جاتے ہیں۔ میٹنگ میں نیشنل الیکٹرک پاور ریگیولیٹری اتھارٹی (NEPRA) کے جنرل منیجر رفیق احمد شیخ کی سربراہی میں وفد، نیشنل ڈسپیچ اینڈ ٹرانسمیشن کمپنی (NTDC) کے جنرل منیجر (پی ڈی) عاف خان اور چیف انجنیئر بشیر احمد کی سربراہی میں وفد، کراچی الیکٹرک کمپنی (K.E.C) کے گلزار وسان کی سربراہی میں وفد، سکھر الیکٹرک پاور کمپنی (SEPCO) کے چیف انجنیئر ڈوولپمنٹ زاہد پرویز مغل کی سربراہی میں وفد، حیسکو چیف ایگزیکٹو آفیسر نوراحمد سومرو، جنرل منیجر ٹیکنیکل گل منیر سرہیو، ڈی جی ایڈمن اینڈ ایچ آر عثمان میمن، چیف آپریٹنگ آفیسر عبدالرحیم سومرو، چیف کمرشل آفیسر سرفراز احمد خان، چیف انجنیئر پلاننگ اینڈ انجنیئرنگ فاروق رشید، چیف انجنیئر ڈوولپمنٹ طارق باجاری، ایڈیشنل ڈی جی لیگل اینڈ لیبر ستار بخش سومرو، ڈائریکٹر کمپیوٹرز نادر خشک، پراجیکٹ ڈائریکٹر کنسٹرکشن جلال الدین عباسی، سپرنٹینڈنگ انجنیئر حیدرآباد سرکل نثار احمد میمن، سپرنٹینڈنگ انجنیئر لاڑ سرکل عبدالغفور شیخ، سپرنٹینڈنگ انجنیئر میرپورخاص سرکل ذالفقار میمن، سپرنٹینڈنگ انجنیئر نوابشاہ امیر احمد میمن و دیگر حیسکو افسران موجود تھے۔




حیدرآباد: قومی اسمبلی کی قائمہ کمیٹی برائے انرجی ڈویژن کی سب کمیٹی کی MNA لال چند مالھی، MNA صابر حسین قائمخانی MNA نزہت پٹھان کی سربراہی میں حیسکو کانفرنس ہال میں نیپرا، کراچی الیکٹرک، این ٹی ڈی سی، سیپکو اور حیسکو کے وفدوں سے بجلی سے متعلق مسائل کے بارے میں میٹنگ